صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 05 اگست 2020ء بمطابق 14 ذی الحج 1441 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، مشتاق احمد غنی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ O لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ O وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ O وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ O وَ لَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ O لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ O اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ O وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا O فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا۔

(ترجمہ): کہہ دو کہ اے کافرو۔ میں اُن کی عبادت نہیں کرتا جن کی عبادت تم کرتے ہو۔ اور نہ تم اُس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی عبادت میں کرتا ہوں۔ اور نہ میں اُن کی عبادت کرنے والا ہوں جن کی عبادت تم نے کی ہے۔ اور نہ تم اُس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی عبادت میں کرتا ہوں۔ تمہارے لیے تمہارا دین ہے اور میرے لیے میرا دین۔ جب اللہ کی مدد آ جائے اور فتح نصیب ہو جائے۔ اور (اے نبیؐ) تم دیکھ لو کہ لوگ فوج در فوج اللہ کے دین میں داخل ہو رہے ہیں۔ تو اپنے رب کی حمد کے ساتھ اُس کی تسبیح کرو، اور اُس سے مغفرت کی دعا مانگو، بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔ صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِيمِ۔

<u>جناب سپیکر</u>: جزاکم اللہ۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر</u>: 'Leave applications': جناب حاجی بہادر خان صاحب ایم پی اے، آج کے لئے، جناب ظہور شاکر صاحب، سپیشل اسسٹنٹ اوقاف آج کے لئے؛ مسماۃ سمیہ بی بی ایم پی اے، آج کے لئے، عاقب اللہ خان صاحب، آج کے لئے، رنگیز خان صاحب، آج کے لئے، جناب وزیر زادہ صاحب، آج کے لئے، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، آج کے لئے، مومنہ باسط صاحبہ ایم پی اے، آج کے لئے، ماریہ فاطمہ صاحبہ ایم پی اے، آج کے لئے، بابر سلیم سواتی صاحب، آج کے لئے، جناب محمد زبیر صاحب ایم پی اے، آج کے لئے، نوابزادہ فرید صلاح الدین صاحب، آج کے لئے، محترمہ شاہدہ وحید ہوتی صاحبہ، آج کے لئے، محترمہ مدیحہ صاحبہ ایم پی اے، آج کے لئے، محترمہ عائشہ نعیم صاحبہ، آج کے لئے؛ جناب فضل حکیم صاحب یوسفزئی، آج کے لئے، جناب جمشید خان مہمند صاحب، آج کے لئے، جناب محمد ریاض شاہین صاحب، آج کے لئے، مفتی عبید الرحمان صاحب، آج کے لئے، شکیل بشیر خان صاحب، آج کے لئے، لائق محمد خان صاحب ایم پی اے، آج کے لئے:

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: Leave granted.

مقبوضہ جموں اینڈ کشمیر پر بھارت کا غاصبانہ قبضہ اور نہتے کشمیریوں پہ مظالم پر بحث

<u>جناب سپیکر</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ آج ہم یوم استحصال کشمیر منا رہے ہیں۔ کشمیر کا محاصرہ کئے ہوئے پورا ایک سال ہو گیا ہے اور کشمیریوں کے مصائب میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ کشمیر گزشتہ ایک سال سے فوجی محاصرے میں ہے۔ بھارت کی انتہائی فاشسٹ بی جے پی حکومت کی طرف سے دو طرفہ معاہدوں اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی اور کشمیریوں کی امنگوں کے خلاف 5 اگست کو مقبوضہ کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت تبدیل کرنے کے فیصلے نے کشمیر میں زیادہ گہری مزاحمت کی بیج بو دیئے ہیں۔ کشمیر میں اسمبلی کی تحلیل، کشمیر کے تمام سیاسی قیادت کو جیلوں میں ڈالنے اور نظربندیوں سے یہ واضح ہوتا ہے کہ کشمیر ہندوستان کا ایسا نو آبادیاتی منصوبہ ہے جس میں ایسے لوگوں کے سیاسی مستقبل کے حوالے سے ان کی رضامندی کی کوئی پرواہ نہیں۔ آرٹیکل 370 کی منسوخی اور 35A کا اجراء مصنوعی آبادیاتی تغیر کی مکروہ نظریہ ہے۔ مقبوضہ کشمیر کی حیثیت کو غیر قانونی طور پر تبدیل کر کے بھارت نے اقوام متحدہ کی قرار دادوں

اور پاکستان کے ساتھ اپنے دوطرفہ معاہدے کی خلاف ورزی کی ہے۔ کشمیر کو ایک انسانی بحران کا سامنا ہے۔ مظاہرین اور غیر مسلح افراد کے خلاف گولہ بارود اور Pellet Gun کا استعمال، دوران حراست تشدد، لاپتہ افراد، عصمت دری کا سیاسی جبر کے طور پر استعمال، ذرائع مواصلات کی ناکہ بندی، بھارتی مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیوں کی بدترین مثال ہے۔ حکومت کی جانب سے پاکستان کا نیا نقشہ جاری کرنا اور کشمیر ہائی وے کو سرینگر ہائی وے بنانا احسن اقدام ہے اور کشمیروں کے ساتھ ہماری جذباتی لگاؤ کو یہ چیز جلا بخشتی ہے۔ ہم تمام قوم بلا کسی تفریق اور تخصیص کے کشمیروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہم اقوام عالم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کشمیریوں کے اوپر بھارت کی غیر قانونی بالادستی کو ختم کرنے میں اپنا موثر کردار ادا کریں تاکہ کشمیریوں پر ظلم اور بربریت کا خاتمہ کیا جاسکے۔ ہم اقوام متحدہ سے یہ بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ کشمیر سے متعلق سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عملدرآمد کرے۔ بھارتی مسلح افواج کی وحشیانہ فوجی قبضے کا خاتمہ کرے اور کشمیری عوام کی سیاسی خواہشات کا احترام کرتے ہوئے حق رائے دہی کا انعقاد کرے۔ آج کا یہ خصوصی اجلاس جو ہے ہم نے یوم استحصال کے سلسلے میں منعقد کیا ہے، ون پوائنٹ ایجنڈا ہے۔ میرے پاس کچھ نام آچکے ہیں اور بھی جو ممبرز اس کے اوپر بات کرنے چاہتے ہیں، وہ اپنے نام ایک چٹ پر بھیج دیں تاکہ میں ان کو باری باری موقع دوں گا اور پھر At the end ہم ایک جوائنٹ ریزولیوشن بھی ان شاء اللہ تعالیٰ پاس کریں گے۔ میری ایک گزارش ہو گی پورے ایوان سے کہ ہمیں آج ایک (اتحاد) شو کرنا ہے، اپنی تقریروں میں کوشش کریں کہ تنقید کے پہلو نہ ہوں، صرف جو ایشو ہے اسی کو ہی ایڈجسٹ کریں تاکہ اس ہاؤس سے جو آواز باہر جائے، وہ اتحاد کا مظہر ہو اور کشمیریوں کے ساتھ صحیح معنوں میں یکجہتی کی غماز ہو۔ میں سب سے پہلے دعوت دیتا ہوں خوشدل خان صاحب کو۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ:</u> بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> ایک منٹ جی۔ لبنان میں جو بلاسٹ ہوا ہے، ان کے جو شہداء کے لئے فاتحہ خوانی کر لیں۔ منور خان صاحب۔

(اس مرحلہ پر لبنان کے شہداء کے لئے دعائے مغفرت کی گئی)

<u>جناب سپیکر:</u> جناب خوشدل خان صاحب۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ:</u> بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے پہلے موقع دے دیا ایسے موقع پر کہ آج 5 اگست یوم استحصال کے طور پر پاکستان کے عوام اور

حکومت منا رہے ہیں۔ جناب سپیکر، قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ بار بار فرماتا ہے کہ "مومنین آپس میں بھائی ہیں" اور اسی طرح حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی حدیث مبارک ہے کہ "مسلمان ایک جسم کی طرح ہے، ایک بدن کی طرح ہے اور جس طرح جسم اور بدن کا ایک Organ، عضو دکھتا ہے تو سارا بدن اس کے ساتھ ناقلار (بے آرام) ہوتا ہے"، تکلیف ہوتی ہے، مشکل میں ہوتا ہے تو مسلمانوں کا بھی خواہ وہ جہاں پر بھی ہیں، خواہ وہ لبنان میں ہیں، خواہ وہ شام میں ہیں، خواہ فلسطین میں ہیں اور ہمارے بھائی کشمیر میں ہیں تو ان کی تکالیف اور ان پر ظلم بربریت ہم پر بھی ہے۔ جناب عالی! اگر ہم تاریخ کے اوراق میں جائیں اور ہم اس پر سوچیں کہ یہ ایشو کب سے آ رہا ہے تو تاریخ ہمیں سکھاتا ہے کہ تقسیم ہند کے ایک سال کے اندر بھارت کی فوج نے بزور شمشیر اور طاقت کے بل بوتے پر کشمیر کے حصے پر قبضہ کر دیا جس کو ہم مقبوضہ جموں کشمیر کہتے ہیں اور اس دن سے لے کر آج تک وہاں پر بربریت، ظلم ہوتی جارہی ہے اور جناب عالیٰ اسی ایشو پر پاکستان اور بھارت کے درمیان تین خونریز جنگیں ہو چکی ہیں اور ہزاروں کشمیری مسلمان شہید ہو چکے ہیں، ہزاروں بچے یتیم ہو چکے ہیں، ہزاروں خواتین بیوہ ہو چکی ہیں اور ہر وقت پاکستان کی حکومت ان کی فریاد کے لئے اقوام متحدہ کا دروازہ کھٹکھٹا تا رہتا ہے، وہاں پر قرار دادیں بھی منظور ہو چکی ہیں اور ان کی بربریت کو Condemn بھی کر چکے ہیں لیکن اس کے باوجود جناب سپیکر صاحب، 5 اگست 2019 کو بھارت کے وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کی آئین کی دفعات 370 اور 35A کے تحت حاصل خصوصی حیثیت کو کالعدم قرار دیتے ہوئے اسے بھارت کی ریاست میں ضم کرنے کا اعلان کیا اور اس طرح مقبوضہ جموں کشمیر کے عوام کے مرضی کے خلاف ان کو بھارت میں شامل کر دیا اور اس دن سے 5 اگست سے لے کر ابھی تک وہاں پر انسانی حقوق معطل ہو چکے ہیں، لوگوں کو اپنے گھروں میں محصور کر دیا گیا، ان کے جو حقوق ہیں ان کو پائمال کیا جارہا ہے لیکن ابھی سوال پیدا ہوتا ہے۔ یہاں پہ جناب عالی کہ ہماری حکومت کی کیا ذمہ داریاں ہیں۔ میں نے چند یہاں کوسچنز بنائے ہیں اور آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ کیا بھارت مردہ باد کے نعرے لگانے، ریلیاں نکالنے اور سیمینار منعقد کرنے سے کشمیر کی بھارت کے تسلط سے آزادی ممکن ہو گی؟ This is first question کہ آیا جو ہم آئے دن کبھی ہم ہاتھوں کی زنجیر بناتے ہیں، کبھی ہم کشمیر کو شہ رگ کہتے ہیں، کبھی ہم نغمے بناتے ہیں تو کیا مطلب ہے کہ اس ظالم اور جابر حکمران کے تسلط سے ہم اسے آزادی دلا سکتے ہیں؟، نہیں۔ دوسرا کوسچن، کیا ایک دادا کی لاش پر بیٹھے ہوئے شیر خوار بچے کی تصویر پر مبنی یادگار ٹکٹ جاری کرنا ان بے گناہ معصوم کشمیریوں کے لئے مرہم پٹی کا کام کر سکتا ہے؟ جناب

عالیٰ! نہیں۔ تیسرا اور آخری کو ئسچن کشمیر ہائی وے کا نام سرینگر ہائی وے رکھنا، 5 اگست کی سیاہ ترین دن کو کشمیریوں کے ساتھ، سیاہ ترین دن کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کے طور پر یوم استحصال کے عنوان سے آزادی کی تحریک کامیاب ہو سکتی ہے؟ نہیں سر، نہیں۔ ہمیں زمینی حقائق کو سامنے رکھ کر فیصلہ کرنا ہے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ گزشتہ حکومتوں سے لے کر اب تک حکومت جو ہے حکومت وقت اس کشمیر کی اساس کو مد نظر رکھ کر سنجیدگی طور پر نہیں لیا ہے باوجود یہ کہ ہم تین جنگیں لڑ چکے ہیں ان کے ساتھ، تین جنگیں لیکن کسی حکومت نے، ایک فرق ہے سر! موجودہ حکومت میں اور گزشتہ حکومتوں میں، گزشتہ حکومتوں میں اتنا ہوتا تھا کہ کم از کم مقبوضہ کشمیر کو Retain کیا تھا، اس وقت بھارت کی حکومت اور بھارت کو اتنی جرات نہیں تھی کہ اس مقبوضہ جموں کشمیر کو اپنی ریاست میں شامل کرتے، ضم کر دیتے لیکن افسوس کی بات ہے کہ موجودہ حکومت وقت میں ایک سال کے اندر اندر مودی میں اتنی جرات پیدا ہو گئی کہ انہوں نے اس کشمیر کو اپنے ریاست کا حصہ بنا دیا اور وہاں اب ان پر مظالم ہو رہے ہیں۔ جناب عالیٰ، دل کی گہرائیوں سے میں کہتا ہوں بحیثیت ایک مسلمان، بحیثیت ایک پاکستانی، بحیثیت پختون کہ ہمیں اب منافقانہ رویے کو ترک کرنا چاہیئے، ہمیں خلوص سے اس مسئلے کو اٹھانا ہے، کب تک ہم اس طرح نغمے گا کر ہم کو خوشی ملتی ہے کہ، ہمیں چاہیئے کہ ہماری حکومت کو مستقل پالیسی بنانی چاہیئے، ابھی تک کسی حکومت نے خواہ گزشتہ حکومتیں ہوں یا موجودہ حکومت ہے کسی حکومت کی مستقل پالیسی کشمیر کے بارے میں نہیں ہے۔ اگر مستقل پالیسی ہوتی سر، تو ہم اس پالیسی کے مطابق جو بھی حکومت آتی، اس کے مطابق وہ کام کرتی لیکن ہر حکومت کے ساتھ پالیسی تبدیل ہو جاتی ہے اور اپنے خواہشات کے مطابق پالیسی دیتے ہیں۔ تو سر، میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ چیزیں چھوڑ دیں۔ میں حکومت وقت کو، میں پاکستان کے موجودہ حکومت کو بھی یہ گزارش کروں گا کہ یہ جو منافقانہ رویہ ہے، یہ کردار ہے کہ ایک طرف آپ کرتارپور گیٹ کھولنے اور تعمیر کرنے پر اربوں روپے قومی خزانے سے خرچ کرتے ہیں اور دوسری طرف آپ کشمیر کو شہ رگ کہتے ہیں تو یہ کیا میسج جا رہا ہے، یہ ہندوستان کے لوگوں کو کیا میسج جا رہا ہے۔ وہ آپ سے کیا ڈریں گے، وہ آپ سے کیا خوف کھائیں گے کہ آپ ان کو Facilities دے رہے ہیں اور وہ آپ کے مسلمانوں پر، کشمیری مسلمانوں پر آئے دن ظلم کرتے ہیں، ان کو شہید کرتے ہیں، ان کے تمام حقوق کو ختم کر دیا ہے، معطل کر دیا ہے۔ تو سر، میں اس ہاؤس کے ذریعے یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ تمام حکومتی ادارے ہوں یا جو بھی ہو، ایک پیج پر ہو کر ان کا مقابلہ کرنا چاہیئے، یہ کافر ہیں اور کافر کے خلاف جہاد کرنا یہ ہمارے پیغمبر علیہ السلام کا اعلان

ہے کہ ہم اس کے خلاف جہاد کریں، ہمارے پاس اسلحہ ہے، ہمارے پاس لوگ ہیں، ہم خود ہیں کیا ہم نہیں لڑ سکتے، کیا وہ ہمارے بھائی نہیں ہیں صرف ہم اپنے بھائیوں کو یہ پیغام دے دیں کہ ہم نغمے گائیں، نغموں سے آزادی نہیں ملتی ہے سر، آپ کا بہت شکریہ۔ تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: تھینک یو خوشدل خان صاحب۔ تیمور سلیم جھگڑا صاحب، آنریبل منسٹر فنانس۔

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ): جناب سپیکر، آج 5 اگست ہے اور ایک سال پہلے جیسے ہمیں پتہ ہے کہ ہندوستان کی حکومت نے ایک، ان کے مطابق، ان کے کہنے کے مطابق جو ان کا واحد مسلم میجارٹی سٹیٹ تھی ان کے کہنے کے مطابق، اس کو تقسیم کیا، وہاں پر جو اس کی انہوں نے In view of the UN resolution اور اس کی Disputed status جو ان کو Special Constitutional dispensation دی تھی، اس کو Retract کیا اور ایک سال سے وہ علاقہ جو کہ دنیا کا سب سے زیادہ Militarized علاقہ ہے، اس میں کرونا وائرس سے چھ مہینے پہلے ایک ایسا لاک ڈاون لگایا جو کہ آج تک انہوں نے نہیں اٹھایا جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کتنا کمزور ان کا 'ہولڈ' ہے کشمیر کے عوام پر اور جو پاکستان کا Stance ہے کہ کشمیر، Illegal Indian occupied Kashmir جو ہے وہ نہ ہندوستان کا حصہ ہے اور اس کے مستقبل کا فیصلہ UN resolution 39 اور 47 کے مطابق ہونا چاہیئے جس کے تحت وہاں پر ایک Plebiscite referendum ہونا ہے تاکہ وہ اپنی مستقبل کا فیصلہ خود کر سکے۔ چونکہ اس سیاہ دن کو ایک سال ہو گیا، آج یہ بڑا مناسب ایک Step ہے کہ یہ اسمبلی کشمیر کے لوگوں کے ساتھ Solidarity میں ایک آواز کے ساتھ جو کہ ان کی حوصلہ افزائی کریں اور پاکستان اور پاکستان کے اندر اس صوبے کی آواز صرف کشمیر کے لوگوں تک نہیں لیکن ساری دنیا تک پہنچے۔ جناب سپیکر، مجھے Further ایک جو اس پر کوشش میری بلکہ یہ ہوگی کہ اس پر ہم ایک آواز کے ساتھ بات کریں، جو پرائم منسٹر صاحب کے Efforts اس پر رہے ہیں، مجھے فخر ہے اس پر، ذرا ہم کھلی بات کریں تو دوان کے Strategy اس کو کہہ لیں جب وہ آئے تو اس نے کہا کہ کشمیر کا مسئلہ دو طریقوں سے حل ہو سکتا ہے یا تو مل کر بیٹھ کر کوئی ایک ایسا حل نکالا جائے کہ ہندوستان اور پاکستان دونوں یہ فیصلہ کریں کہ ہم نے کشمیر کے لوگوں کی، ان کے عوام کی جذبات کے مطابق حل کرنا ہے، اگر نہیں ہے تو پھر آپ کو ایک سٹینڈ لینا چاہیئے، پرائم منسٹر عمران خان نے پہلے ہندوستان کو دوستی کا ہاتھ بڑھایا جب انہوں نے وہ ہاتھ نہیں لیا تو میرے خیال میں جس طریقے سے انہوں نے Kashmir cause کی Advocacy کی ہے مجھے کم از کم اپنی زندگی میں نہیں یاد، اگر

وہ یواین سیکورٹی کونسل میں پچپن منٹ کی تقریر دینے سے، جس سے پہلی بار 1971 کے بعد واقعی معنوں میں کشمیر کا ایشو انٹرنیشلائز ہو، اگر وہ اس کی Consistent diplomatic efforts جس میں اپنی Stature کو استعمال کر کے پوری دنیا میں کشمیر کے ایشو کو انٹرنیشنلائز کریں میڈیا پر، سوشل میڈیا پر اپنے Bilateral اور Multilateral interactions میں اگر وہ آپ آج کا موقع لے لیں، اگر آپ وہ پچھلے ایک دو دن کا لے لیں جس میں پاکستان کے نئے Political map میں جو کشمیر کا Status ہے اور اس کے ساتھ، اور یہ کوئی چھوٹا قدم نہیں ہے، اس پر میں سوشل میڈیا پر ہمارے پارٹی کے جو Detractors ہیں، ان کی میں Comments دیکھ رہا ہوں لیکن جو کشمیر ہائی وے کو سرینگر ہائی وے سے Rename کیا گیا، ان چیزوں کی ایک Symbolic اہمیت ہوتی ہے اور یہ Symbolic اہمیت جہاں پر ایک ملک اپنے پرنسپل سٹینڈ پر کھڑا ہو، اس کو کسی کو بھی Lightly نہیں لینا چاہیئے اور جو Aggression اس حکومت نے دکھائی ہے مجھے یقین ہے کہ جس بلیک اینڈ وائٹ طریقے سے وہ ہمارے دوست ممالک جو کبھی اس پر Stance نہیں لیتے تھے، وہ آج بلیک اینڈ وائٹ میں جیسے ترکی کو لے لیں یا ملائیشیا کو لے لیں حالانکہ ان کے انڈیا میں بڑے Interest threat ہوتے ہیں، وہ پاکستان اور کشمیر کے ساتھ کھڑے ہیں اور کھلی طور پر کھڑے ہیں، یہ ایک پہلا قدم ہے لیکن اگر ہم نے اس ایشو کا حل نکالنا ہے تو ہم نے مل کر انٹرنیشلائز کرنا ہے اس ایشو کو، تو اس میں جو میں لاسٹ بات کہوں گا۔ یہ جناب سپیکر، بحث ہوتی جائے گی کہ حکومت صحیح کر رہی ہے یا صحیح نہیں کر رہی ہے، اس پر تنقید کا ایک ٹائم ہے، میرے خیال میں آج سب کو اپنا Tone positive اور اس طریقے میں رکھنا چاہیئے جس سے ہم اس پر پورے ملک نے ایکشن لینا ہے، اس کو آگے بڑھائیں۔ میں آپ کو ایک بات بتادوں، میں پندرہ سال باہر رہا ہوں، دبئی میں، لندن میں، چائنا میں بہت سے ہندوستانی Colleagues سے جو ہے Engagement ہوتی تھی، ایک جو فرق ہے جس طریقے سے ہم ان ایشوز کو Deal کرتے ہیں اور جس طریقے ہندوستان کا میڈیا اور ان کے Citizens بھی دیکھ رہے ہوتے ہے، ان کو جب پتہ بھی ہوتا ہے کہ وہ غلط ہیں، وہ اپنی اس Type کے نیشنل ایشوز پر ایک آواز سے بولتے ہیں، آپ کو ہندوستان میں بہت کم آوازیں نکل آئیں گی اور یہی مسئلہ ہے، اگر وہ آوازیں اٹھتیں تو آج کشمیر میں جو کرفیو اور لاک ڈاون ہے، وہ اٹھا دیا گیا ہوتا، وہ وہاں پر نہیں اٹھتی، جو ان کی ایک آواز ہے، وہ ایک آواز آج گورنمنٹ اور اپوزیشن کی ہونی چاہیئے، وہ آج عوام اور میڈیا اور Opinion makers کی ہونی چاہیئے۔ آج ایک آواز اٹھانے کا ٹائم ہے، تنقید کا ٹائم آئے گا کہ

ہماری کشمیر کی پالیسی کیسے اور بہتر ہوسکتی ہے نہیں ہو سکتی۔ یہ بڑاCritical ہے، یہ میری ریکویسٹ ہے تمام پارلیمنٹریز سے گورنمنٹ کی اور اپوزیشن کی کہ آج ہم اس پر Focus کریں کیونکہ ہم نے دنیا کو یہ دکھانا ہے کہ اس ایشو میں پاکستان میں کوئی نہ دورائے ہیں اور نہ کوئی Internal بحث ہے، ہمارے اپنے مسئلے ہوں گے لیکن یہاں پر ہم سب ایک ہیں اور ان شاء اللہ اس Cause میں ہم Successful ہوں گے۔ چونکہ جہاں پر اگر طاقت کا استعمال غلط طریقے سے ہوتا ہے، ظلم کی ایک انتہا بھی ہوتی ہے، یاد رکھئے کہ آج وہ دن آگیا ہے کہ جن کو ہندوستان میں کشمیر کے لحاظ سے Unionist کہتے تھے، وہ ان کے کشمیر لیڈر جو کہ Pro-India اور انڈیا کو جوائن، جن کے پاس عوامی مینڈیٹ نہیں تھا، آج شرم کے مارے وہ بھی چپ ہیں، نہیں بول رہے ہیں وہ، چونکہ جو اس کا پورا Stance تھا کہ ہندوستان کی جو ایک So-called secularism تھی، اس میں ان کا سسٹم جو ہے کشمیر کا چل سکتا ہے، وہ Stance تو آج جو ہے بالکل کشمیر میں جو ہوا ہے، جو بابری مسجد کے ساتھ ہو رہا ہے وہاں پر That has now been broken into thousand pieces۔ تو میری ریکویسٹ یہ ہے کہ جو ہندوستان اپنی اصلی شکل کو Expose کر رہا ہے، آج یہ ہاؤس اور ہمارا جس پارٹی سے بھی تعلق ہو، اس کو Further expose کرنے میں اور کشمیر کی آواز دنیا تک پہنچانے میں جو اس دن کا اور اس سیشن کا مقصد ہے، اس کو پہنچانے میں اپنی آواز ملائیں اور اس کو ایک کریں اور مجھے یقین ہے کہ ان شاء اللہ اگر ہم کریں گے تو ایک دن کشمیریوں کو ہندوستان کے جو Occupied legal rule تھے آزادی ضرور ملے گی۔ بہت بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> نعیمہ کشور صاحبہ ایم پی اے۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب۔

کشمیر ظلم کی آگ میں جل رہا ہے — انڈیا چال دیکھو کیسی چل رہا ہے
گھر گھر جنازے نکل رہے ہیں — نوجواں کے خون ابل رہے ہیں
عزتیں لٹ رہی ہیں — بچے مر رہے ہیں، دعویدار امن کے کیا کر رہے ہیں

جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے تو بہت شکریہ اور کریڈٹ بھی میں دوں گی کہ آج کی ایک اہم دن پر آپ نے یہ اجلاس بلایا اور ہمیں کشمیر کے اس سیاہ دن کے موقع پر بات کرنے کا موقع دیا۔ آج دو طرح سے ہم سیاہ دن منا رہے ہیں کیونکہ آج ہی کے دن بابری مسجد کی جگہ انڈیا میں مودی، اگر ایک لفظ لگایا جائے تو موذی بنتا ہے، مودی آج رام مندر کی بنیاد رکھ رہا ہے تو آج ہم اس حوالے سے بھی یوم سیاہ منا رہے

ہیں کہ جو وہ کر رہا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ایک سال مکمل ہوا اس دن کا جو مودی نے آرٹیکل 370 اور 35A کے خاتمے سے جموں اور کشمیر کو خصوصی حیثیت حاصل تھی، اس کا خاتمہ کیا اور اس خاتمے کے پیچھے ایک، چونکہ انہوں نے پہلے تو اپنے جوان کے لیڈران تھے، جو گاندھی کا فلسفہ تھا، جو نہرو کا فلسفہ تھا اس کو دفن کیا۔ دوسری جو اہم چیز، جو UN کی قرارداد تھی جس میں پاکستان UN میں اس قرارداد کو لے کر نہیں گیا تھا انڈیا خود لے کر گیا تھا، نہرو خود لے کر گیا تھا، اس قرارداد کی بھی انہوں نے Violation کی کیونکہ انہوں نے خود اس قرارداد کو UN میں لے کر گئے اور اس قرارداد کی وجہ سے جو کشمیر کی جو Disputed حیثیت تھی، انہوں نے خود کروائی تھی، پاکستان اس مسئلے کو نہیں لے کر گیا تھا اور آج جب اس آرٹیکل کو انہوں نے ختم کیا تو انہوں نے خود UN کی قرارداد کی Violation کی۔ تو میرے خیال میں UN کو اس پر ایکشن لینا چاہیئے اور بڑی افسوس کی بات ہے کہ اس کی آڑ میں اگر دیکھا جائے کرفیو کے دوران، انہوں نے ڈومیسائل اور شہریت ایکٹ نافذ کیا 2020 کا اور اس کرفیو کے دوران تقریباً چالیس لاکھ، کیونکہ جب یہ آرٹیکل ختم ہوا تو ان کو خصوصی حیثیت حاصل تھی، وہ ختم ہو گئی اور اس کے تحت کشمیر میں نہ کوئی جائیداد لے سکتا تھا نہ کوئی نوکری باہر کے لوگ لے سکتے تھے لیکن جب اس آرٹیکل کا خاتمہ ہوا اور پھر وہ ڈومیسائل ایکٹ اور شہریت کا قانون لے کر آئے تو اس کے تحت انہوں نے باہر سے لوگوں کو کشمیر میں لاکر بسایا اور اب تک صرف اس کرفیو کے دوران چالیس لاکھ لوگوں کو ادھر بسایا جا چکا ہے، ان کو شہریت مل چکی ہے اور یہ اس کی وہ سازش ہے کہ جو کشمیریوں کا حق خود ارادیت ہے یا اگر کبھی اگر اللہ کرے ان کو استصواب رائے کا حق ملے تو اس حیثیت کو ختم کیا جا رہا ہے، ان کو اقلیت میں ادھر تبدیل کرنے کی ایک سازش ہے جس پہ مودی سرکار کار فرما ہے۔ تو میرے خیال میں یہ ایک وہ راستہ انہوں نے اپنایا جو فلسطین میں اپنایا گیا ہے کیونکہ اس وقت ان کو سب سے بڑا جوان کو مشورہ دینے والا Netanyahu ہے، انہوں نے یہی طریقہ کار فلسطین میں اپنایا اور آج کشمیر کو بھی، جموں کشمیر کو بھی انہوں نے دو لخت کر کے لداخ اور جموں کشمیر میں اور جو یہ ڈومیسائل کے قانون کے تحت اس میں جو باہر سے لوگوں کو بسایا جا رہا ہے تو وہی طریقہ کار اپنایا جا رہا ہے جو آج فلسطینیوں کا ہے کہ ان کو بے گھر کیا جا رہا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ایک سال سے ادھر کرفیو نافذ ہے ہمیں سوچنا ہو گا، ہم نے اس کرفیو کے دوران بھی ملک میں لاک ڈاؤن کی طرف نہیں گئے کہ ہم نے کہا کہ کیا حالات ہوں گے، ہماری معیشت بھی تباہ ہو گی، ہمارے لوگوں کا کیا حال ہو گا، ہمیں سوچنا ہو گا کہ ایک سال ہو گیا ہے ادھر جو لاک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے، ان کا دعویٰ تھا کہ ہم جب اس آرٹیکل کو ختم

کریں گے تو ہمیں ان کی معیشت اور ان کے جو روزگار کے مواقع ہیں، انہوں نے بھی جہاں جس طرح ادھر وعدے ہوئے تھے ادھر بھی پچاس لاکھ نوکریوں کا وعدہ ہوا تھا لیکن اس آرٹیکل کے خاتمے کے ساتھ ایک سال گزرنے کے بعد جو یکم اگست کو واشنگٹن پوسٹ نے لکھا ہے کہ پانچ لاکھ لوگ بے روزگار ہو گئے ہیں اور 5.3 پرسنٹ غربت ہوئی ہے، معیشت میں اس کو نقصان ہوا ہے تو اس سے کیا میسج جا رہا ہے جو ادھر انہوں نے کرفیو لگایا جو میڈیا کو یہ لوگ Access نہیں دے رہے اور جو انسانیت سوز اقدامات کشمیر میں ہو رہے ہیں، نماز پہ جو عید کی نماز ہے اس پہ پابندی ہے، انٹرنیٹ سروس ادھر معطل ہے تاکہ باہر ان کی جو ظلم اور بربریت ہے وہ نہ پہنچ سکے۔ Pellet Guns کی بمباری سے لوگوں کی جو بینائی سے محروم ہو رہے ہیں، خواتین اور بچوں کی جو تذلیل ہو رہی ہے، ان کے ساتھ جو زیادتیاں ہو رہی ہیں اور تقریباً آٹھ لاکھ جوان کی افواج ہیں، وہ نہتے کشمیریوں پہ جو ظلم کر رہی ہے، میرے خیال میں یہ وقت ہے کہ عالمی برادری آنکھیں کھولے اور اس پہ ایکشن لے لیکن اس کے لئے ہمیں خود بھی سوچنا ہوگا کہ ہم نے کیا کیا ہے آج تک؟ جب آرٹیکل انہوں نے ختم کیا تو کیا ہم نے وہ سفارتکاری کی؟ میرے خیال میں اس وقت ہمیں ضرورت ہے کہ ہم سفارتی سطح پہ بھارت کا جو نام نہاد سیکولر چہرہ ہے اس کو Expose کرتے، ہم اچھی سفارتکاری کرتے، اس میں ہمیں پارلیمانی ڈپلومیسی کرنی چاہیئے، یہ بھی ایک اچھا اقدام ہے کہ آج ہماری آواز بھی دنیا کو پہنچ رہی ہے اس فلور سے لیکن ہمیں پارلیمنٹ ٹو پارلیمنٹ ڈپلومیسی کرنی چاہیئے کیونکہ ہر پارلیمنٹ میں لوگوں کے نمائندے ہوتے ہیں اور جب پارلیمنٹرین ڈپلومیسی کرتے ہیں تو اس کا اچھا اثر ہوتا ہے، تو اس میں چاہے گورنمنٹ کے ہوں، چاہے اپوزیشن کے ہوں، اس کو کرنی چاہیئے۔ سلامتی کونسل کو ہمیں اپنی آواز پہنچانی چاہیئے لیکن بڑے افسوس کی بات ہے کہ ہم اس پہ۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: وائنڈ اپ پلیز۔ وائنڈ اپ کرنے کی کوشش کریں۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان</u>: ٹھیک ہے لیکن ہم اس پہ ایک قرارداد نہ لا سکے، میرے خیال میں ایک سوال اٹھتا ہے کہ اگر ایک منٹ کی ہم خاموشی کریں گے اور پھر لمبی خاموشی کریں گے تو اس سے کوئی اچھا تاثر نہیں جائے گا؟ یہاں پہ نقشے کی بات ہوئی، تو نقشہ تو کلاس تھری سے بی ایس سی تک اسی نقشے کو ہم پڑھ رہے ہیں، پتہ نہیں کونسا نیا نقشہ تھا، اگر لانا بھی تھا، فلپائن میں جھنڈے کی تبدیلی ہوئی، اس کو پارلیمنٹ میں ڈسکس کیا گیا تو اس کے بعد اس کو تبدیل کیا گیا، پھر یہ پارلیمنٹ کس لئے ہے، پھر پارلیمنٹ میں اس کو ڈسکس کیا جاتا۔ کیا پھر ہم آئین کے آرٹیکل 1 (2) کو بھی تبدیل کریں گے ظاہر ہے اگر ہم نقشے تبدیل کریں گے تو آئین

کے آرٹیکل 1 (2) کو بھی تبدیل کریں گے کہ اس کی کیا حیثیت ہو گی، کیا پھر جو گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر ہیں، ہم ان کو پاکستان کا حصہ ڈیکلیئر کریں گے؟ اگر حصہ ڈیکلیئر کریں گے تو پھر ہاؤس کی ہماری کیا حیثیت ہو گی؟ تو اس میں بہت ساری چیزیں تھیں لیکن کچھ تجاویز میری ہیں کہ ہمیں کم از کم OIC کے پلیٹ فارم کو Activate کرنا چاہیئے، اسلامی ممالک کو اس وقت ہمیں اپنے ساتھ لینا چاہیئے، ہمارے جو دوست ممالک ہیں ان کو ساتھ لینا چاہیئے۔ بہت افسوس کی بات ہے کہ ہم ابھی تک OIC کو بھی نہ فعال کر سکے، نہ اس کا کوئی اجلاس کر سکے تو اس کو کرنا چاہیئے اور انڈیا کا۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو۔ مسئلہ Time constrain ہے اور بہت سے لوگ ہیں۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان:</u> دو تین، دو منٹ دے دیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> کافی لوگ ہیں سب بات کرنا چاہتے ہیں۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان:</u> دو منٹ دے دیں بس وائنڈ آپ میں کر لوں گی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان:</u> ہماری ریکویسٹ ہو گی کہ انڈیا انسانی حقوق کی پامالی کو ختم کرے، پابندیوں کو ختم کر کے قیدیوں کو رہا کرے، سماجی کارکنوں اور صحافیوں کو رہا کرے۔ ملٹری کورٹس جو ہیں، وہ کنٹونمنٹ ایریا تک محدود کریں اور انٹرنیشنل میڈیا اور وہ MOGIP جو UN کا جو Mission ہے، اس کو رسائی دے تا کہ دنیا کو پتہ چل سکے کہ جو ظلم اور بربریت ادھر ہو رہی ہے، اس کا جو صحیح چہرہ ہے بھارت کا وہ لوگوں کے سامنے آ جائے۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو نعیمہ کشور صاحبہ۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان:</u> آخر میں میں صرف ایک شعر اگر مجھے آپ اجازت دیں؟

<u>جناب سپیکر:</u> جی شعر پڑھ لیں۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان:</u> ؎ کہ تیرے شہر کے ہر کوچے میں لہو کے داغ ہیں
اے کشمیر ہم تجھے آزاد دیکھنے کو بے تاب ہیں

کشمیر بنے گا پاکستان۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو ویری مچ۔ آنریبل منسٹر فار سوشل ویلفیئر ہشام انعام اللہ خان صاحب۔

(مداخلت)

جناب ہشام انعام اللہ خان (وزیر سماجی بہبود): اگر آپ کہتی ہیں آپ پہلے کر لیں جیسے آپ کی مرضی ہے۔

جناب سپیکر: ایک ادھر سے ایک ادھر سے۔ ہشام انعام اللہ صاحب۔

وزیر سماجی بہبود: اچھا I will be very brief۔ جی تھینک یو جناب سپیکر صاحب۔ سب سے پہلے تو آج اس یوم استحصال کشمیر ڈے پر میں یہ بیان کرنا چاہوں گا کہ On behalf of myself, my government, my Chief Minister, my party and my country میں Condemn کرتا ہوں جو Atrocities، جو ظلم زیادتیاں شروع ہیں Indian occupied Kashmir میں مسلمانوں کے ساتھ، عورتوں کے ساتھ، بچوں کے ساتھ، بوڑھوں کے ساتھ، یہ جو زیادتیاں ہیں نہ ان کی کوئی گنجائش انسانیت میں ہے، نہ ان کی کوئی گنجائش کسی بھی دین میں ہے، دین اسلام میں تو بالکل نہیں ہے، نہ ہی دنیا کے کسی قانون میں اس کی گنجائش ہے۔ We all truly condemn it on this day۔ میں صرف یہ میسج دینا چاہوں گا To all the Muslims in the world specially the Muslims of India and to the Minorities in India. It is very unfortunate لیکن I have to say it کہ ہندوستان جب تک ہندوستان ہے It has no place for any Minority whether it is Muslim whether it is Sikh, whether they are Christians اور آج جو تاریخ یہاں پہ بن رہی ہے کشمیر میں This history if we do not rise against it, if we do not condemn it this will continuously repeat itself specially in India۔ ان کی جتنی سوسائٹی ہے جناب سپیکر صاحب، It is based on discrimination, discrimination of caste, creed, race, religion, ideology ,even Hinduism۔ میں خود I am not against any religion, I truly respect every religion لیکن یہ خود ہندوازم میں بھی Caste system وہاں پہ Implement کرتے ہیں برہمن، شودر، ویش، ان سب کی Discrimination انہوں نے شروع کی ہے And this is not going to end, this is going to go on and until the world raises its voice. Janab Speaker Sahib, no land is a free land جہاں پہ Freedom of speech نہ ہو، جہاں پہ Freedom of expression نہ ہو، جہاں پہ Freedom of practicing religion نہ ہو۔ الحمد للہ پاکستان کی سرزمین ایک آزاد سرزمین ہے، پاکستان بنا تھا اسلام کے نام پر لیکن پاکستان نے Protect کیا ہے ہر Minority کے Rights کو الحمد للہ And I am proud to say that آج ہمارے اس ایوان میں ہمارے پاس

ہمارے جو سکھ بھائی ہیں، وہ بھی بیٹھے ہیں الحمد للہ Their rights are protected۔ ہمارے ہندو بھائی بیٹھے ہیں، ان کے Rights protected ہیں، We have to raise our voice, we have to unite۔ ایمان کے تین تقاضے ہیں جناب سپیکر صاحب، جب کچھ برا ہو تو At least condemn it in your heart، اگر آپ اس کو Condemn نہیں کر سکتے اپنی زبان سے تو کم از کم دل میں اس کو برا سمجھیں، اگر آپ کوئی ایکشن نہ لے سکیں تو At least condemn through your voice, condemn through your action, if you can do it so all the Muslims have to unite۔ آخر میں میں یہ کہنا چاہوں گا کہ On the issue of Kashmir, Indian occupied Kashmir پاکستان میں جتنے لوگ ہیں، جس Religion سے وہ تعلق رکھتے ہیں، جس Caste سے وہ تعلق رکھتے ہیں، جس Race سے وہ تعلق رکھتے ہیں، ہم کھڑے ہیں کشمیر کے لوگوں کے لئے اپنی Armed Forces کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ پاکستان کا اگر ایک بھی آدمی، بچے وہ بھی وہی الفاظ دہرائے گا جو کہ عمران خان نے United Nations Assembly کے فلور پہ کہا تھا کہ We want to resolve everything peacefully لیکن اگر ہمارے پاس Choice نہ ہو تو We are ready to bleed the last drop of blood we have، تو یہی ہماری آواز ہے، We condemn their brutalities, their atrocities and we stand with our Government and with our Armed Forces with zeal and spirit. Thank you very much. Pakistan Zindabad.

جناب سپیکر: تھینک یو منسٹر صاحب۔ I hope کہ لاء منسٹر صاحب ریزولیوشن تیار کر رہے ہوں گے۔ اوکے پہلے Speeches پھر اس کے بعد ایک منٹ کی خاموشی بھی کریں گے ریزولیوشن سے پہلے۔ پھر آپ بھی پڑھیں اور ایک بندہ ادھر سے بھی پڑھ لے گا۔ نگہت اورکزئی صاحبہ!

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے آج کے دن جو 5 اگست سیاہ دن ہے، اس کو یہاں پہ ہماری Voice جو ہے وہ At least دنیا تک پہنچانے کے لئے آج کا یہ جو اجلاس ہے اس کو بلایا۔ جناب سپیکر صاحب، یہ کتبہ ہے جس پہ لکھا ہوا ہے یہ ایسا کتبہ ہے کہ جس پہ کشمیریوں کی میری جو پٹی ہے اس پہ لکھا ہوا ہے کہ کشمیری ہوں میں اور ہم سب پاکستان کے لوگ کشمیریوں کے ساتھ یہ عہد کرتے ہیں کہ ہم سب کشمیری ہیں اور خون ہمارا سب کا جو ہے وہ مسلمان ہے، کلمہ ہماری طاقت ہے اور مودی کے لئے یہ پیغام ہے کہ چھوڑ دے ہماری وادی کو یہ پاکستان کا حصہ ہے۔ جناب

سپیکر صاحب، میں مودی کے لئے اور اقوام متحدہ کے ان تمام بے زبانوں کے لئے کہ جن کی زبان ظلم کے خلاف نہیں اٹھ رہی ہے میں ایک شعر پڑھنا چاہوں گی کہ:

ے کہ میں وادی ہوں کشمیر کی مجھے کہتے ہیں کشمیر
میں وادی ہوں شہیدوں کی مجھے کہتے ہیں کشمیر
کشمیر کی جلتی وادی میں بہتے لہو کا شور سنو!
مودی شور سنو!

جناب سپیکر صاحب! آج ہم سب لوگ یہاں پہ یکجا ہیں اور ہم لوگوں نے ایک ہو کر جیسے آپ نے کہا، جیسے نعیمہ بی بی نے کہا اور میری بھی تجویز یہی ہو گی کہ ہم اقوام متحدہ اور ان لوگوں کو ایک منٹ کی خاموشی یہاں پہ کھڑے ہو کے اور کشمیریوں کے ساتھ اپنی یکجہتی کو شو کر کے ان کو بتائیں کہ پاکستان کا ہر بچہ بچہ جو ہے وہ کشمیری ہے اور کشمیریوں کے دکھ میں ان کے ساتھ برابر کا شریک ہے۔ جناب سپیکر صاحب، چونکہ Repetition میں نہیں کرنا چاہتی ہوں، دنیا میں جتنے بھی ممالک ہیں، اس میں سب سے زیادہ جتنے بھی بین الاقوامی طور پہ انسانی حقوق کی Violation جو کی ہے وہ صرف اور صرف بھارت ہے اور جناب سپیکر صاحب، جو انہوں نے آرٹیکلز لگائے ہیں، میں پھر اس Repetition میں نہیں جانا چاہتی اور وہاں پہ اپنے لوگوں کو شہریت دے کر وہاں پہ انہوں نے داخل کروایا ہے جو کہ اس آرٹیکل سے پہلے وہ جائیدادیں اور کچھ بھی نہیں خرید سکتے تھے، وہ صرف کشمیریوں کی پراپرٹی ہوتی تھی، یہ کیوں کر رہے ہیں؟ یہ اس لئے کر رہے ہیں کہ کل کو اگر اقوام متحدہ کا کوئی بھی کمیشن جاتا ہے تو وہاں پہ میجارٹی جو ہو گی، وہ ہندوؤں کی یا سکھوں کی ہو گی بھارت کے، اور وہ ہندوستان کے، ہندوستانیوں کے، بالکل ہندوستانیوں کے مسلمان تو وہاں پہ Already ہمارے جو کشمیری ہیں، وہ ایک سال سے کرفیو کی وجہ سے ان کی عصمتیں لوٹ رہی ہیں، ان کے جوان بچے جو ہیں ان پہ ماتم ہو رہے ہیں۔ ان کو ایک سال سے جناب سپیکر، ہم تین مہینے ہمارا لاک ڈاؤن رہا، چار مہینے ہمارا لاک ڈاؤن رہا، ہم اس Crisis سے گزریں لیکن یہ آپ، یہ اقوام متحدہ کے لئے ہے، یہ ان لوگوں کے لئے ہے، ہمارے دوست ممالک کے لئے ہے کہ اگر ایک سال میں کسی کو اشیاء خورد و نوش نہیں ملتی ہیں، کئی لوگ فاقے کر رہے ہیں، گھروں میں جاتے ہیں، وہاں پہ Occupied Kashmir میں جا کے اور ان کی عورتوں کو اور بہنوں کو جناب سپیکر صاحب، لا کر اور ان کے سامنے ان کا Rape کیا جاتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، بھٹو صاحب نے کہا تھا سب سے پہلے کہ میں انسان ہوں، غلطی ہر

انسان سے ہوتی ہے لیکن کشمیر کے معاملے میں میں سوتے ہوئے بھی غلطی نہیں کر سکتا، یہ اس کے تاریخی الفاظ تھے لیکن اس وقت ہم نے اپنی پارٹیوں سے بالاتر ہو کر ہم لوگوں نے کسی پر تنقید نہیں کرنی لیکن ہاں یہ ضرور بات کریں گے کہ سر! نغموں سے، سڑکوں کے ناموں سے اور ان تمام چیزوں سے اگر آزادی ملتی تو آج فلسطین بھی آزاد ہو چکا ہوتا۔ جناب سپیکر صاحب، ہمیں اس کے لئے باعدہ طور پہ Delegations بنانے پڑیں گے کیونکہ وہاں پہ ابھی اتنی مار دھاڑ اور اتنا کچھ ہو گیا ہے، وہاں پہ لوگ قید ہیں، وہاں پہ حریت جو رہنما ہیں، ان کو اتنی اذیتیں دی جا رہی ہیں کہ ان کے ساتھ ہسپتالوں میں اور قید خانوں میں جو سلوک ہو رہا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، راہول گاندھی جب گیا اس کو جانے نہیں دیا گیا۔ اقوام متحدہ کے مبصرین گئے ان کو نہیں جانے دیا گیا۔ جناب سپیکر صاحب، مودی جو کہ ایک قصائی ہے اور وہ قصائی کی طرح تمام اقلیتوں کے ساتھ سلوک کر رہا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ہم نے ایک قوم بن کے، ہم نے اپنی پارٹیوں سے بالاتر ہو کے، ہم نے اپنی تمام سیاست سے بالاتر ہو کے ہم لوگوں نے اس مسئلہ کشمیر کو سلجھانا ہے لیکن میں حکومت وقت سے آپ کے توسط سے یہ ضرور درخواست کروں گی جناب سپیکر، کہ اس میں اب اور دیر نہیں ہونی چاہیئے، یہ نہیں کہ آج ہم ایک منٹ کی خاموشی اختیار کر لیں، یہ نہیں کہ آج ہم یہ 'سلوگن' لے آئیں، یہ نہیں کہ آج ایک ریزولیوشن پاس ہو جائیں، یہ نہیں کہ آج ہم یکجہتی کر لیں اور پھر اس کے بعد مکمل خاموشی۔ جناب سپیکر، چاہے کے پی اسمبلی ہے، چاہے سندھ اسمبلی ہے، چاہے پنجاب اسمبلی ہے، چاہے نیشنل اسمبلی ہے، چاہے سینیٹ ہے وفود کو تیار کریں، وفود کو تیار کریں۔ خدا کے لئے یہ جو آپ لوگوں نے خرچ کم کرنے کے لئے آپ لوگوں نے یہ تمام چیزیں بچھائی ہوئی ہیں لیکن کشمیر کے معاملے میں آپ کو وفود بھیجنے ہوں گے، آپ کو ان کے سفارتخانوں میں بھیجنے ہوں گے، آپ کو ان ممالک میں بھیجنے ہوں گے چاہے وہ خیبر پختونخوا اسمبلی ہے، چاہے وہ سندھ ہے، چاہے وہ پنجاب ہے، چاہے بلوچستان ہے، چاہے سینیٹ ہے، چاہے نیشنل اسمبلی ہے، یہ بچت مکاؤ مہم کو آپ بند کریں جناب سپیکر صاحب، اور کشمیر کے معاملے میں اگر ہم Sincere ہیں تو اس کے لئے ہمیں وفود کو بھیجنا پڑے گا، اپنی آواز کو OIC تک پہنچانا پڑے گا، ان کی سڑکوں پہ، ان کے دفتروں کے سامنے ہم نے مارچ کرنا ہوگا اور ہم نے بتانا ہوگا کہ ہم ایک قوم ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> اور پارٹیوں سے بالاتر ہے۔ تھینک یو جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ میں گزارش کروں گا کہ بہت زیادہ مقررین میرے پاس ہیں، کم ٹائم لیں، Five minutes سے اوپر کوئی نہ لیں۔ جناب ایم پی اے وزیر زادہ صاحب۔

جناب وزیر زادہ (معاون خصوصی اقلیتی امور): جناب سپیکر، سب سے پہلے میں اپنے وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان عمران خان صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے اس دن کی مناسبت سے اس کو یوم استحصال کا نام دیا کیونکہ آج سے ایک سال پہلے کشمیری عوام کا استحصال کیا گیا اور مودی سرکار نے کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر کے اسے اپنے ساتھ انڈیا میں شامل کر دیا۔ جناب سپیکر، میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب پاکستان بن رہا تھا اور باؤنڈری کمشین بنا اسی وقت ہمارے ساتھ یہ زیادتی شروع ہو گئی تھی کہ جو باؤنڈری کمیشن بنا، انہوں نے اسے اپنی ذاتی انا کی بھینٹ چھڑایا اور لارڈ ماؤنٹ بیٹن جو کہ آخری وائسرائے ہند تھے ان کی ذاتی خواہش کو پورا نہ کیا کیونکہ وہ مشترکہ انڈیا اور پاکستان کے گورنر جنرل بننا چاہتے تھے۔ قائداعظم کے انکار پر انہوں نے باؤنڈری کمیشن کو استعمال کیا اور وہ علاقے جو کہ پاکستان میں شامل ہونا چاہتے تھے یا شامل ہونے چاہیئے تھے، اسے بھی متنازعہ بنا دیا اور انڈیا میں شامل کر دیا۔ جناب سپیکر، آزادی ہر انسان کا بنیادی حق ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو کشمیری عوام ہیں، انہیں یہ حق ملنا چاہیئے، اس پہ سلامتی کونسل کی قرار دادیں اور اقوام متحدہ ان قرار دادوں کا ضامن ہے۔ اقوام متحدہ کو چاہیئے کہ وہ ان قرار دادوں پر عملدرآمد کرائیں، ان کو یقینی بنائیں اور اقوام عالم بھارت پر دباؤ ڈالیں کہ وہ کشمیری عوام کو اس غلامی سے نکالیں اور انہیں حق خود ارادیت دیں، انہیں اپنی مرضی سے جینے کا حق دیا جائے۔ وہاں پہ جو ظلم و ستم ہو رہا ہے اسے بند کیا جائے۔ جناب سپیکر، یہاں پہ میں اپنے بعض Colleagues نے یہ بات کی کہ ایک منٹ کی خاموشی اختیار کرنا، انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنانا یا مختلف چوک کے نام تبدیل کرنے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہو گا۔ جب ان کی پارٹیاں حکومتوں میں رہی ہیں، وہ سارا کچھ کرتی رہی ہے، انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنانا، ریلیاں نکالنا، جلسے جلوس کرنا، احتجاجی مظاہرے کرنا، کشمیر پر کانفرنس کرنا یا اس پر مختلف سیمینار کرنا، یہ ہمارا حق ہے اور اس سے ہم اپنی کشمیری بھائیوں کو اپنے جو ہمارے دل کی آواز ہے وہ پہنچا سکتے ہیں اور انہیں یقین دلا سکتے ہیں کہ وہ اکیلے نہیں ہیں، ان کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے، اس پر ہمیں دلی رنج ہے اور ان کے دکھ درد اور تکلیف میں ہم ان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں اور ان کا غم بانٹنا چاہتے ہیں، یہ ایک فورم ہوتا ہے جس کو ہم Use کر سکتے ہیں اور جناب سپیکر، جیسے قائداعظم محمد علی جناح نے پہلے ہی دن کہا تھا کہ کشمیر ہمارا شہ رگ ہے اور شہ رگ کوئی بھی ہم سے نہیں چھین سکتا۔ میں یہ یقین دلاتا ہوں، مجھے یہ یقین

ہے کہ ایک دن کشمیر آزاد ہوگا اور وہ ہمیں ملے گا۔ میں اپنے وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان اور جو ہماری وفاقی کابینہ نے ایک فیصلہ کیا ہے کہ کشمیر کو پاکستانی نقشے میں شامل کرنے کی منظوری دی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ واقعی جو مودی سرکار نے ایک سال پہلے فیصلہ کیا تھا، یہ ان کے منہ پر ایک تماچا ہے کہ اگر وہ یہ کر سکتے ہیں تو ہم بھی ایسا کر سکتے ہیں اور میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ ان 72 سالوں میں ہماری حکومت نے جس مؤثر انداز میں کشمیر کے ایشو کو اجاگر کیا ہے یا اس پر جو ریلیاں نکالی ہیں یا اس پر جتنے بھی یوم سیاہ منائے گئے ہیں، اس کی مثال نہیں ملتی اور وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان کا جو جنرل اسمبلی میں پچپن منٹ کا خطاب تھا، وہ دنیا سے ڈھکا چھپا نہیں ہے، انہوں نے ایک گائیڈ لائن دے دی، انہوں نے ایک پالیسی دے دی اور انہوں نے اقوام عالم کو بھارت کا جو اصلی چہرہ تھا وہ دکھادیا۔ آخر میں میں آپ کو مبارکباد دیتا ہوں کہ آپ نے آج کے دن اجلاس Call کر کے کشمیری عوام کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا اور میں یہ کہتا ہوں کہ ایک دن کشمیر جو ہے وہ پاکستان بنے گا۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو ویری مچ۔ رنجیت سنگھ صاحب۔

<u>جناب رنجیت سنگھ</u>: شکریہ جناب سپیکر۔ آج کا دن 5 اگست کا دن سب جانتے ہیں کہ ہمارے لئے کتنا دکھ ہے اور میں بہت فخر محسوس کرتا ہوں کہ چونکہ لفظی تقریریں سب کرتے ہیں لیکن میں یہاں سوچ رہا تھا کہ شکر ہے کہ میں سردار رنجیت سنگھ سب سے پہلے ایک پاکستانی ہوں اور میں ایک آزاد ملک کا حصہ ہوں، ایک اسلامی ملک کا حصہ ہوتے ہوئے مجھے بہت اچھا لگ رہا ہے کہ میں پاکستان میں پیدا ہوا اور آج جو میرے کشمیری بھائی وہاں جس تکلیف میں ہیں، خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ہم ان تکلیفوں سے باہر ہیں، تو سب سے پہلے میں خدا کا شکر ادا کرتا ہوں۔ اس کے بعد جہاں بات آجاتی ہے یہ کشمیر کے حوالے سے، تو آگے بھی بات ہوئی کہ بالکل ہم سب جانتے ہیں کہ مودی سرکار ہندوستان کے اندر ہمارے کشمیری بھائیوں پر پچھلے سال کیا، وہ پچھلے کئی سالوں سے ہمارے مسلمان بھائیوں اور ہمارے کشمیری بھائیوں پر ظلم کر رہا ہے اور ہمیشہ ہی ہم اس چیز پر Protest کرتے آئے ہیں اور جب تک کشمیر آزاد نہیں ہوتا ان شاء اللہ ہمارا بچہ بچہ تمام پاکستانی کیونکہ اس وقت یہ بات نہیں کہ میں سکھ وہ ہندو اور مسیحی اور وہ فلاناں، اس وقت ہم سارے پاکستانی ہیں اور ہم نے تمام کشمیری بھائیوں کے ساتھ ان کے دکھ میں برابر کے شریک بھی ہیں اور دعا گو بھی ہیں کہ اللہ ان پر سے یہ عذاب جلد از جلد ختم فرمائے تاکہ وہ بھی میری طرح آزادی کا سانس لے سکیں اور ایک آزاد ملک کا حصہ بنیں۔ جناب سپیکر! چونکہ جیسے تمام پارٹیاں اپنے پارٹی کو بھی بہت

ترجیح دیتی ہے اور میں فخر محسوس کرتا ہوں کہ میرا تعلق جمعیت علماء اسلام سے ہے اور وہ کشمیر کی آواز ہمیشہ ہر فورم پر اٹھاتا رہا ہے اس حوالے سے لیکن جہاں بات آجاتی ہے بے گناہ شہید کشمیریوں کی تو اس پر میں اپنی طرف سے اور تمام کمیونٹی کی طرف سے میرے پاکستانی، تمام ہندو کمیونٹی، مسیحی کمیونٹی، سکھ کمیونٹی اور جتنی یہ اقلیتیں ہیں، اپنے کشمیری بھائیوں کو اس فورم سے پیغام ضرور دینا چاہتا تھا کہ ہم کل بھی آپ کے ہر دکھ میں برابر کے شریک تھے ہم آج بھی آپ کے ساتھ کھڑے ہیں، یہ لفظی معنیٰ نہیں ہماری نسلوں کو ہماری قوم کے بارے میں اور ہماری جو پچھلی نسلیں گزر چکی ہیں، آپ ہم سے زیادہ بہتر جانتے ہیں کہ ہم لفظی معنوں میں نہیں ہم دل سے اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہیں اور ہمیشہ اسی طرح کھڑے رہیں گے۔ میں مودی کو Specially اس ایوان سے ایک پیغام ضرور دینا چاہوں گا کہ خدارا آپ ہمیں دیکھیں، پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتوں کو دیکھیں، ان کے حقوق کو دیکھیں اور کوشش کریں اسی سے کچھ سبق لیں اور کشمیریوں پر یہ ظلم بند کریں۔ بہت شکریہ جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو۔ مسٹر روی کمار صاحب۔

<u>جناب روی کمار</u>: <u>(ہندی)</u> جناب سپیکر! سب سے پہلے آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے آج ہمیں کشمیریوں کی استحصال کے موقع پر ایک سپیشل اجلاس بلایا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہاں پر جو نمائندے بیٹھے ہیں، وہ لاکھوں کروڑوں لوگوں کی نمائندگی یہاں پر کر رہے ہیں تو یہاں سے جو آواز بلند ہوگی ہماری کشمیری بھائیوں کے لئے، میں سمجھتا ہوں کہ آپ مبارکباد کے مستحق ہیں کہ آپ نے سپیشل ایک اجلاس یہاں پر Conduct کیا ہے۔ جناب سپیکر! یقیناً آج ایک Black day ہے، یوم سیاہ ہے، کیوں؟ کیونکہ اس دن مودی نے ہمارا کشمیر جس کو ایک آزاد حیثیت حاصل تھی، ایک Independent State تھی، اس کو ختم کر کے بھارت میں ضم کر دیا، جو آرٹیکلز تھے ہمارے 370 اور 35A، اس کو ختم کر کے جو ظلم اور بربریت ہمارے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یقیناً آج ایک Black day ہے۔ یہ دن نریندر مودی کی جو دہشتگرد سوچ ہے اس کی عکاسی کرتا ہے، یہ دن RSS کی جو گھٹیا سوچ ہے اس کی عکاسی کرتا ہے اور یہ ہماری کشمیری بھائی ہیں جو سالوں سے، 72 سالوں سے جو جدوجہد اور قربانی دے رہے تھے کشمیر کے آزادی کے لئے، ان کے زخموں پر نمک چھڑکنے کی برابر ہے۔ جناب سپیکر، یہ دن ہندوستان کی جو عوام ہیں ان کی بدقسمتی کا بھی دن ہے کیونکہ انہوں نے نریندر مودی جیسے ایک ظالم حکمران کو اس دن چنا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ یوم سیاہ جو آج کے دن ہم منا رہے ہیں، یہ ان کشمیریوں کے

حق کے لئے اور آزادی کے لئے جدوجہد کا دن ہے۔ جناب سپیکر، میں ہندو کمیونٹی کے ہونے کے ناطے آج یہ بات میرے دل میں تھی، میں چاہتا ہوں کہ میں اپنے اسمبلی فلور پر اپنے بھائیوں کے ساتھ شیئر کروں کہ مجھے بڑا افسوس ہوتا ہے کہ مودی اپنے آپ کو ہندو کہتا ہے کیونکہ ہمارے ہندو دھرم میں ہمیشہ حق کی بات کی گئی ہے، ہمیشہ مظلوموں کے ساتھ کھڑے ہونے کی بات کی گئی ہے اور میں آج افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ مودی جو اپنے آپ کو ہندو کہتا ہے، میں ان کو ہندوؤں میں تصور نہیں کرتا۔ اگر وہ اپنی ہسٹری پڑھ لیں، اپنی رامائن پڑھ لیں، اپنی گیتا پڑھ لیں، جب ہمارے پیغمبر رام نے لنکا فتح کی تھی اور راون کو جو ظالم حکمران تھا، اس کو مارا تھا، تو ابھیشن اس کا بھائی تھا، اس کو وہ راج پاٹ سوم تھے وہ وہاں سے چلا گیا تھا، وہاں کے لوگ چاہتے تھے لنکا کے کہ ان کا حکمران ابھیشن ہے۔ میرے رام جو ہمارے پیغمبر تھے، وہ چاہتے تھے تو وہ لنکا کے اوپر جو ہے، انہوں نے جب فتح کر لی تو وہ راجا بن سکتے تھے، وہاں پر اپنا بندہ لا سکتے تھے لیکن انہوں نے وہاں کی جو پرجا تھی، لنکا کی، وہاں کے جو عوام تھے، ان کے ساتھ یہ معاہدہ کیا کہ ہم آپ کا اپنا ہی بادشاہ لائیں گے، تو انہوں نے وہ ابھیشن کو وہاں کا بادشاہ بنایا، تو اس سے مودی کیا سیکھتا ہے، اگر وہ اپنے آپ کو ہندو کہتا ہے تو اگر اس نے آج کشمیریوں کو اپنا حق نہیں دیا تو اس نے کہاں اپنے رام کی تعلیمات کی پیروی کی یا اپنے ہندو دھرم کی تعلیمات کی پیروی کی؟ وہ تو وہاں پر آ کے قابض آ کے بیٹھ گیا، اس کو چاہیئے تھا کہ وہاں پر کشمیری ہمارے مسلمان بھائی ہیں، ان کو وہ حق خود ارادیت دیتا، وہاں پر ڈیموکریسی دیتا، انہوں نے جو جنگ 72 سالوں سے کی ہے آزادی کے لئے، وہ آزادی ان کو دے دیتا کہ وہ اپنی مطابق اپنی زندگی گزاریں، اپنی اسلامی تعلیمات کے مطابق گزاریں، اس خطے کو جو سپیشل حیثیت حاصل تھی، ان کو دے دیتا تاکہ وہ اپنی زندگی آرام سے گزار سکتے جو آج وہ نہیں گزار پا رہے ہیں۔ جناب سپیکر، ہمارے مذہب میں کسی کو کاٹنے کا ہمیں درس نہیں دیتا، ہمارا مذہب، ہمارا مذہب لاشیں بہانے کا درس نہیں دیتا، ہمارا مذہب کسی ماں کی گود اجاڑنے کا درس نہیں دیتا، ہمارا مذہب کسی کو قتل کرنے کا درس نہیں دیتا، ہمارا مذہب کسی پہ ظلم کرنے کا درس نہیں دیتا، تو میں آج مودی کو اس پلیٹ فارم سے کہنا چاہتا ہوں کہ آپ اپنے تعلیمات کو دیکھیں، آپ اپنے آپ کو ہندو کہتے ہیں، میں نہیں سمجھتا اور میں ضرور اپنے پاکستانی ہندو جو ہیں ہم قرارداد لائیں گے کہ ہمارے ہندو دھرم سے اس کو برخاست کر دیا جائے۔ (تالیاں) کیونکہ ہمارے ہندو دھرم میں اس قسم کی کوئی تعلیمات نہیں ہے جناب سپیکر صاحب، اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ آج اس کو سیکھنا چاہیئے پوری دنیا سے، جو عمران خان صاحب نے جیسے اس مدعے کو

اٹھایا پوری دنیا میں، آج پوری دنیا میں Western میں جو ہمارے لوگ ہے، سب کو کشمیر کے مدعے کو، جوان کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے، ان کو آج اچھی طریقے سے معلوم ہو گیا ہے کہ ایشو کیا ہے، 72 سال اس ایشو کو اس طرح کی Representation دنیا میں نہیں دی گئی، 72 سالوں سے اس ایشو کو دبائے رکھا گیا تاکہ ان کی جو غلط سوچ ہے اس کی پشت پناہی کی جا سکے۔ جناب سپیکر، عمران خان صاحب نے جس طریقے سے اس ایشو کو اقوام متحدہ میں اٹھایا، جس طریقے سے انہوں نے آج دنیا کو بتا دیا، میں سمجھتا ہوں کہ صحیح معنوں میں عکاسی ہے۔ دوسرا کل انہوں نے، میں مبارکباد دیتا ہوں اپنے لیڈر کو کہ انہوں نے پاکستان کے نقشے میں کشمیر کو شامل کر دیا ہے۔ تو میں مبارکباد آپ سب کو دیتا ہوں کہ یہ ایک بہت بڑا قدم ہے اور یہ ہمارا ایک راستہ ہے اس آزادی کی طرف جو ہم نے Achieve کرنا ہے، ٹارگٹ دے دیا ہے انہوں نے اور یہ آج ہم پر اور ہمارے آنے والی نسلوں پر یہ واجب ہو جاتا ہے کہ وہ کشمیر کی حق کے لئے آواز اٹھائیں۔ جناب سپیکر، انہوں نے جو اس کے بعد سرینگر ہائی وے، جو کشمیر ہائی وے تھا، سرینگر ہائی وے میں Convert کر کے ایک دوسری عمدہ مثال قائم کر دی، جو بھی وہاں سے گزرے گا ان کے دل میں کشمیر کا جو درد ہے، کشمیر کے بہن بھائیوں کا جو درد ہے، جو ظلم ہے، وہ جب گزرے گا اس راستے سے اور سرینگر ہائی وے کو پڑھے گا تو میں تو سمجھتا ہوں کہ وہ Motivated رہے گا اور اپنی جو جدوجہد ہے کشمیر کی آزادی کے لئے تیز کرے گا۔ جناب سپیکر، میں آخر میں اسمبلی کے پلیٹ فارم سے یہ بات ضرور کرنا چاہتا ہوں کہ کشمیر کی آزادی کے لئے ہم سب سے پہلے کھڑے ہوں گے۔ کشمیر کی آزادی کے لئے، بعض اوقات کہا جاتا ہے کہ آپ ہندو ہیں تو آپ ہندوستانی ہیں، میں آج یہ بھی واضح کر دوں کہ ہم پاکستان کی دھرتی پر پیدا ہوئے ہیں، ہمارا جینا مرنا پاکستان کے ساتھ ہے، برے سے برے حالات میں ہم نے یہاں پر وقت گزارا ہے، (تالیاں) تو ہمیں ہندو ضرور سمجھا جائے لیکن ہندوستانی نہ سمجھا جائے، ہمیں ضرور مودی، یہ سمجھا جائے کہ ہم یہاں پر باسی ہیں لیکن ہمیں مودی کے حوالے سے کوئی طعنہ نہ دیا جائے، آج میں یہاں واضح کر دوں کہ کشمیر کی جنگ میں ہم پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، ان کی آزادی کے لئے کھڑے ہیں اور اگر بارڈر پر بھی جانا پڑا تو روی کمار سب سے پہلے گولی کھائے گا لیکن کشمیر کی آزادی کے لئے کھڑا ہو گا اور ان شاء اللہ یہ ہماری Commitment ہے ہم سب کی اور ہماری سب سے زیادہ ہو گی۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: تھینک یو روی۔ بلاول آفریدی صاحب۔

